NYC
Taxi & Limousine Commission

کرائے کی گاڑی

TLC کرائے کی گاڑی کے لائسنس کی اسٹوریج کے اختیار کا اعلان کرتا ہے

فوری نفاذ کے ساتھ نیویارک شہر کے ٹیکسی اور لیموزین کمیشن (New York City Taxi and Limousine Commission) کرائے کی گاڑی کے مالکان کو اپنی TLC گاڑیوں کے لائسنس ایک سو اسی (180) دن تک "ہولڈ پر" رکھنے کی اجازت دیتا ہے۔ لائسنس "اسٹوریج" کے ایک عمل کے ذریعے ہولڈ پر رکھا جائے گا جو کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے۔

کیا آپ اہل ہیں؟

- TLC پلیٹس کے حامل تمام FHV گاڑی کے لائسنس یافتگان اپنی گاڑی کے لائسنس کو ایک سو اسی (180) دن تک اسٹوریج میں رکھ سکتے ہیں۔ FHV گاڑی کے ایسے لائسنسز کو اضافی ساٹھ (60) دن دیے جائیں گے جو کہ موجودہ طور پر اسٹوریج میں ہی ہیں، تاکہ FHV لائسنس کو کل ایک سو اسی (180) دنوں تک اسٹوریج میں ہی رہنے دیا جا سکے۔

تقاضے

- TLC کا اسٹوریج فارم جوکہ گاڑی کے مالکان یا کارپوریشن کے کسی افسر کی جانب سے پُر کیا جانا چاہیئے۔

اپنے TLC کی کرائے کی گاڑی (FHV) کے لائسنس کو اسٹوریج میں کیسے رکھنا ہے

1. گاڑی کے لائسنس کی اسٹوریج کا فارم پرنٹ اور مکمل کریں۔

   TLC کی گاڑی کے لائسنس کی اسٹوریج کا فارم ڈاؤن لوڈ کریں، پرنٹ کریں، اور اس کے سیکشنز 1 اور 2 مکمل کریں۔

2. اسٹوریج فارم TLC کو، **FHVStorage@tlc.nyc.gov** پر ای میل کریں۔

   TLC FHV اسٹوریج فارم اسکین کریں اور درج ذیل پتے پر ای میل کریں: **FHVStorage@tlc.nyc.gov**۔ براہ کرم دستاویزات جمع کروانے کے لئے **TLC لانگ آئی لینڈ شہری سہولت مرکز تشریف مت لائیں** ۔ صرف ای میل کردہ دستاویزات قبول کی جائیں گی۔

3. گاڑی کے لائسنس کی حیثیت اور ای میل نوٹیفکیشن۔

   آپ کی گاڑی کے لائسنس کی حیثیت مزید فعال نہیں رہے گی، اور حیثیت "اسٹوریج میں ہے" میں تبدیل کر دی جائے گی۔ گاڑی کے لائسنس کے اسٹوریج میں ہونے کے دوران گاڑی کو کرائے پر نہیں دیا جا سکتا۔ ایک سو اسی (180) دن بعد، آپ کو اپنی گاڑی کے لائسنس کو اسٹوریج سے نکالنے کا کہا جائے گا، یا لائسنس کو بند کر دیا جائے گا۔

Taxi & Limousine Commission

نوٹ: NYS DMV دفاتر میں محدود افرادی داخلوں کے باعث، TLC پلیٹس کو واپس جمع کروانے کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، براہ کرم یہاں کلک کریں یا DMV ویب سائٹ، **https://dmv.ny.gov**، پر جائیں۔"

TLC کی کرائے کی گاڑی (FHV) کے لائسنس کو اسٹوریج سے کیسے نکالنا ہے

اپنی گاڑی کے لائسنس کو اسٹوریج سے نکالنے کے لئے، براہ کرم ذیل میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔
اگر آپ کے پاس اب بھی اپنی TLC پلیٹس موجود ہیں / اپنی گاڑی کے لائسنس کے اسٹوریج میں ہونے کے دوران آپ نے **TLC پلیٹس واپس نہیں کی ہیں**، تو براہ کرم ان ہدایات پر عمل کریں:

1. کرائے کی گاڑی کی اسٹوریج کے درخواست فارم کا سیکشن 3 (اسٹوریج سیکشن سے نکالیں) پُر کریں؛
2. اپنے بروکر یا بیمہ کیریئر سے *اجراء* کی موجودہ تاریخ والا، بیمہ / واجبات کا اپ ڈیٹ کردہ سرٹیفکیٹ طلب کریں؛
3. کرائے کی گاڑی کی اسٹوریج کا درخواست فارم اور بیمہ / واجبات کا اپ ڈیٹ شدہ سرٹیفکیٹ **FHVStorage@tlc.nyc.gov** پر ای میل کریں؛
4. *نئے TLC ڈیکالز حاصل کرنے کے لئے TLC کے ووڈ سائیڈ معائنہ جاتی مرکز پر* گاڑی کے بصری معائنے کی اپائنٹمنٹ طے کی جائے گی۔

اپنی گاڑی کے لائسنس کے اسٹوریج میں ہونے کے دوران اگر آپ نے **TLC پلیٹس واپس کر دی ہیں**، تو براہ کرم ان ہدایات پر عمل کریں:

1. کرائے کی گاڑی کی اسٹوریج کے درخواست فارم کا سیکشن 3 (اسٹوریج سیکشن سے نکالیں) پُر کریں؛
2. اپنے بروکر یا بیمہ کیریئر سے *اجراء* کی موجودہ تاریخ والا، بیمہ / واجبات کا اپ ڈیٹ کردہ سرٹیفکیٹ طلب کریں؛
3. منتقلی کی درخواست مکمل کریں (نئی TLC پلیٹس حاصل کرنے کے لئے آپ کو لازمی طور پر پلیٹس کی منتقلی سرانجام دینا ہو گی)، جو کہ اس صفحے پر موجود ہے؛
4. کرائے کی گاڑی کی اسٹوریج کا درخواست فارم، منتقلی کی مکمل کردہ درخواست، اور بیمہ / واجبات کا اپ ڈیٹ کردہ سرٹیفکیٹ **FHVStorage@tlc.nyc.gov**پر ای میل کریں؛
5. آپ TLC کے لانگ آئی لینڈ سٹی (LIC) دفتر میں اپنی درخواست جمع کروانے کے لئے کب اپائنٹمنٹ طے کر سکتے ہیں، اس بارے میں آپ کو مطلع کر دیا جائے گا؛
6. TLC کے LIC دفتر پر اپنی منتقلی کی اپائنٹمنٹ پر حاضر ہوں؛
7. *نئے TLC ڈیکالز حاصل کرنے کے لئے TLC کے ووڈ سائیڈ معائنہ جاتی مرکز پر*گاڑی کے بصری معائنے کی اپائنٹمنٹ طے کی جائے گی۔

کثرت سے پوچھے گئے سوالات

- مزید معلومات کے لئے براہ کرم کرائے کی گاڑی کی اسٹوریج کے اختیار کی بابت کثرت سے پوچھے گئے سوالات کا مطالعہ کریں۔

FHV اسٹوریج کی بابت کثرت سے پوچھے گئے سوالات - موجودہ عمل

1. **سوال:** میں لائسنس کو اسٹوریج میں کیسے رکھوں؟

جواب: آپ کو FHV TLC اسٹوریج کا فارم TLC کی ویب سائٹ سے پرنٹ کرنا ہو گا اور سیکشنز 1 اور 2 کو مکمل کرنا ہو گا۔ مکمل شدہ اور دستخط شدہ فارم کو FHVStorage@tlc.nyc.gov پر ای میل کریں۔ جب آپ کی گاڑی کے لائسنس کو اسٹوریج میں رکھ دیا جائے گا تو آپ کو تصدیقی اطلاع موصول ہو جائے گی۔

2. **سوال.** DMV دفتر کے داخلے محدود ہیں، میں اپنی TLC پلیٹس کیسے واپس کروں؟

جواب: NYS DMV دفاتر میں محدود افرادی داخلوں کے باعث، TLC پلیٹس واپس کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لئے براہ کرم یہاں کلک کریں یا DMV کی ویب سائٹ، https://dmv.ny.gov پر جائیں۔

3. **سوال:** کیا مجھے اپنے FHV لائسنس کو اسٹوریج میں رکھنا ہو گا؟
جواب: نہیں۔ اپنی گاڑی کے لائسنس کو اسٹوریج میں رکھنا مکمل طور پر اختیاری ہے۔

4. **سوال:** کیا مجھے اپنے ڈیکالز ہٹوانے کے لئے ووڈ سائیڈ جانا ہو گا؟
جواب: COVID-19 کی عالمی وباء کے دوران بالمشافہ ملاقاتوں کو محدود کرنے کے لئے، آپ کو اس وقت ووڈ سائیڈ پر واقع TLC کے سہولت مرکز پر آنے کی ضرورت نہیں ہے۔

5. **سوال:** جب میں اپنی TLC پلیٹس واپس کر دوں گا تو کیا اس کے بعد مجھے اپنی بیمہ کمپنی کی جانب سے ری فنڈ یا باز ادائیگی موصول ہو گی؟
جواب: بیمہ کے ضمن میں کسی متوقع ری فنڈ یا باز ادائیگی کے بارے میں تفصیلی معلومات کے لئے اپنی پلیٹس واپس کرنے سے قبل، براہ کرم اپنی بیمہ کمپنی سے رابطہ کریں۔

6. **سوال:** اگر میرے پاس یہ پلیٹس ابتر حالت میں یا کسٹم پلیٹس موجود ہوں تو کیا ہو گا؟
جواب: آپ کو اپنی پلیٹس واپس کرنے یا اپنی کسٹم پلیٹس کو اسٹور کرنے کے بارے میں معلومات کی غرض سے اپنے مقامی DMV دفتر سے رابطہ کرنا ہو گا۔

7. **سوال:** لائسنس استعمال نہ کرنے کی صورت میں کیا TLC کی جانب سے مجھے باز ادائیگی کی جائے گی؟
جواب: نہیں۔ TLC کی فیسیں ناقابل واپسی ہیں۔

8. **سوال:** کیا لائسنس کو اسٹوریج میں رکھنے پر TLC کی کوئی فیس لاگو ہوتی ہے؟
جواب: کوئی فیس درکار نہیں۔

9. **سوال:** میں TLC کو کیسے اطلاع دوں گا کہ میرے ڈیکالز ہٹ گئے ہیں اور FHV TLC اسٹوریج فارم مکمل ہو گیا ہے؟
جواب: جب آپ اسٹوریج فارم کو مکمل کرتے ہیں، تو آپ یہ تصدیق اور اقرار کرتے ہیں کہ تمام TLC ڈیکالز اس گاڑی سے ہٹا دیے گئے ہیں جس کے لئے اسٹوریج کا فارم جمع کروایا گیا ہے۔

10. **سوال:** میں اپنا لائسنس اسٹوریج میں کب تک رکھ سکتا ہوں؟
جواب: ایک سو اسی (180) دنوں تک۔

11. **سوال**: میں FHV لائسنس کو کتنی مرتبہ اسٹوریج میں رکھ سکتا ہوں؟
جواب: صرف ایک بار۔

12. **سوال**: جب میرے ایک سو اسی (180) دن ختم ہو جائیں گے تو کیا مجھے اطلاع دی جائے گی؟
جواب: ہاں۔

13. **سوال**: اگر میں ایک سو اسی (180) دن بعد اپنا لائسنس اسٹوریج سے نہیں نکالتا تو کیا ہو گا؟
جواب: آپ کا لائسنس بند کر دیا جائے گا۔

14. **سوال**: اگر میں بیمہ کی ادائیگی کرنا بند کر دیتا ہوں تو کیا ہو گا؟
جواب: اگر آپ اپنے بیمہ کی ادائیگی کرنا بند کر دیتے ہیں تو کیا ہو گا، اس بارے میں مزید معلومات کے لئے اپنی بیمہ کمپنی اور ریاست میں موجود اس DMV سے رابطہ کریں جس نے آپ کی پلیٹس جاری کی تھیں۔

15. **سوال**: اگر میں چوک شدہ بیمہ کی وجہ سے اپنی پلیٹس واپس کر دیتا ہوں، اور TLC کو اطلاع نہیں دیتا تو کیا ہو گا؟
جواب: آپ کا لائسنس بند کر دیا جائے گا۔

16. **سوال**: کیا TLC پلیٹ والی DMV رجسٹریشن کا فعال رہنا ضروری ہے؟
جواب: گاڑی کے لائسنس کے اسٹوریج میں ہونے کے دوران اور پلیٹس DMV کو واپس کر دینے پر فعال DMV رجسٹریشن TLC کا تقاضا نہیں ہے۔

17. **سوال**: کیا کسی ایسی گاڑی کا بیمہ برقرار رکھنا ضروری ہے جو اسٹوریج میں ہو؟
جواب: گاڑی کے لائسنس کے اسٹوریج میں ہونے کے دوران اور پلیٹس DMV کو واپس کر دینے پر بیمہ TLC کا تقاضا نہیں ہے۔

18. **سوال:** کیا میں ایک سو اسی (180) دنوں کے اختتام سے قبل اپنی گاڑی کے لائسنس کو اسٹوریج سے نکلوانے کا فیصلہ کر سکتا ہوں؟
جواب: ہاں۔ آپ اپنی گاڑی کے لائسنس کو ایک سو اسی (180) دنوں کے دوران کسی بھی وقت اسٹوریج سے نکلوا سکتے ہیں، لیکن ایک بار گاڑی کے لائسنس کو نکلوا لینے کے بعد آپ دوبارہ اسے اسٹوریج میں نہیں رکھ سکتے۔

19. **سوال**: میں اپنی گاڑی کے لائسنس کو اسٹوریج سے کیسے نکلواؤں اور نئے TLC ڈیکالز کیسے حاصل کروں؟
جواب: FHV لائسنس کو اسٹوریج سے نکالنے کے لئے، اسٹوریج فارم کا سیکشن 3 مکمل کریں اور درج ذیل میں سے کوئی ایک چیز فراہم کریں: اقرار نامے کے صفحات/واجبات کا سرٹیفکیٹ جس پر اپ ڈیٹ شدہ تاریخِ اجراء موجود ہو، یا بیمہ کمپنی کی جانب سے ایک حالیہ تاریخ والا کوریج لیٹر جس میں حالیہ کوریج کی رقوم درج ہوں۔ براہ کرم یقینی بنائیں کہ بیمہ کی حدود TLC کے کم از کم تقاضے پر پورا اترتی ہوں جو TLC کی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔ اسٹوریج فارم اور تمام دستاویزات FHVStorage@tlc.nyc.gov پر ای میل کریں۔ جب آپ کی گاڑی کا لائسنس اسٹوریج سے نکال دیا جائے گا تو آپ کو تصدیقی اطلاع مل جائے گی، اور آپ کے TLC کے LIC سہولتی مرکز جانے اور نئی TLC پلیٹس حاصل کرنے کی خاطر ایک اپائنٹمنٹ طے کی جائے گی۔ پھر TLC کے معائنہ جاتی مرکز پر بصری معائنے کے لئے آپ کی اپائنٹمنٹ طے کی جائے گی جہاں TLC ڈیکالز گاڑی پر لگائے جائیں گے۔